**ارلی اسپورٹ فار انفینٹس اینڈ ٹوڈلرز**

Washington State Department of Early Learning

## C.14 فیملی کاسٹ پارٹیسیپیشن ہدایات

### C.1.14. تعارف

(a) انڈیویجوئلز ود ڈس ایبلٹی ایجٹ (IDEA) کے حصہ C کو کانگریس سے جانب سے ایسا بنایا گیا تھا کہ یہ معذوریوں کے حامل نومولود اور چھوٹی عمر کے بچوں کےلیے سروس کا جامع، ہم آہنگ، بین الایجنسی نظام ہو۔ کانگرس نے اس بات کو تسلیم کیا کہ اس آبادی کو خدمات فراہم کرنے والے پہلے سے کئی پروگرام موجود تھے اور حصہ C کو ان پروگراموں کے درمیان ہم آہنگی پیدا کرنے کے لیے انفراسٹرکچر فراہم کرنے کے لیے بنایا گیا تھا۔ اس کے نتیجے میں، حصہ C کے لیے فنڈنگ کو فنڈ کے وفاقی، ریاستی اور مقامی ذرائع، بشمول سرکاری اور نجی بیمہ، استعمال کرنے کے لیے تیار کیا گیا تھا۔ چونکہ ارلی انٹروینشن کے تمام اخراجات کو پورا کرنے کے لیے کافی سرکاری فنڈ نہیں ہے، تمام ارلی انٹروینشن سروسز سرکاری خرچے پر فراہم نہیں کی جا سکتیں۔ خاندانوں سے اپنے بچے کے پروگرام میں معاشی طور پر حصہ ادا کرنے کی توقع کی جاتی ہے۔ یہ توقع انہیں ان حصہ C کی ارلی انٹروینشن سروسز کے لیے نجی نگہداشت صحت/بمہ اور ایپل ہیلتھ فار کڈز/میڈیکیڈ تک رسائی دے کر پوری کی جا سکتی ہے، جو ESIT کی فیملی کاسٹ پارٹیسیپیشن کے تقاضوں کے تحت آتی ہیں۔

(b) ہر ریاست کے لیے معذوریوں کے حامل نومولود اور چھوٹی عمر کے بچوں اور ان کے خاندانوں کی زیادہ سے زیادہ تعداد کو خدمات فراہم کرنے کے لیے ان تمام وسائل کے استعمال کو زیادہ سے زیادہ بڑھانا ضروری ہے۔ ہر ریاست کے لیے اس بات کو یقینی بنانا بھی ضروری ہے کہ ان وسائل کو ایسی ارلی انٹروینشن سروسز فراہم کرنے کے لیے استعمال کیا جائے، جو بچے کو نشوونماتی بینیفٹ فراہم کرنے کے لیے کافی ہوں۔ ESIT کے لیے اپنی اہلیت کی وسیع اصولوں کو برقرار رکھنے کے لیے فنڈ کے تمام دستیاب ذرائع، بشمول سرکاری اور نجی بیمہ اور فیسیں استعمال کرنا ضروری ہے۔

### C.2.14. عمومی ہدایات

(a) 34 CFR §303.521(e)(2)(i) کے مطابق، ESIT کے فراہم کنندگان درج ذیل چیزوں کی درخواست کرتے ہوئے اپنی سسٹم آف پیمنٹس اینڈ فیس پالیسی کی ایک تحریری نقل فراہم کریں گے:

**(1)** جب انڈیویجوئلائیزڈ فیملی سروس پلان (IFSP) کی میٹنگ پر ارلی انٹروینشن سروسز کی فراہمی کے لیے رضامندی مانگی جائے؛ اور

**(2)** حصہ C کی سروسز کی ادئیگی کے لیے سرکاری یا نجی بیمہ کا استعمال۔

(b) سرکاری یا نجی بیمہ کو اس وقت تک بل نہیں بھیجا جا سکتا، جب تک والدین کو ESIT سسٹم آف پیمنٹس اینڈ فیس پالیسی فراہم نہ کر دی جائے اور والدین کی رضامندی حاصل کر لی جائے۔

(c) درج ذیل فنکشنز اور سروسز ESIT کے فراہم کنندگان کی جانب سے سرکاری خرچے پر فراہم کی جانی چاہیں اور خاندانوں پر اس کے لیے کوئی خرچ نہیں آنا چاہیے:

**(1)** بچوں کی تلاش 34 CFR §§303.301 سے لے کر 303.303 تک میں بچے کی تلاش کے تقاضوں کا نفاذ کرنا۔

**(2)** 34 CFR §303.320 کے مطابق معائنہ اور جائزہ اور 34 CFR §303.13(b) میں معائنے اور جائزے سے متعلقہ فنکشنز۔

**(3)** سروس کوآرڈینیشن سروسز (فیملی ریسورس کوآرڈینیٹر) جیسا کہ 34 CFR §§303.13(b)(11) اور 303.33 میں بیان کیا گیا ہے۔

**(4)** انتظامی اور رابطہ کی سرگرمیاں، بامتعلق

(i) 34 CFR §§303.342 سے لے کر 303.345 تک کے مطابق IFSPs اور عبوری IFSPs کی تیاری، نظرثانی اور جائزہ؛ اور

(ii) 34 CFR §§303.400 سے لے کر 303.511 میں اور 34 CFR §§303.300 سے لے کر 303.346 تک میں پوری ریاست میں پھیلے ہوئے ارلی انٹروینشن سروسز کے سسٹم کے دیگر اجزاء میں پروسیجرل سیف گارڈز کا نفاذ۔

(d) سرکاری نگہداشت صحت کی کوریج/بیمہ اور/یا نجی نگہداشت صحت کی کوریج/بیمہ کو بل بھیجنے سے پہلے، خاندانوں کو آمدنی اور اخراجات کی معلومات، ذاتی طور پر قابل شناخت معلومات جاری کرنے کے لیے رضامندی اور سرکاری اور/یا نجی بیمہ کی کوریج تک رسائی حاصل کے لیے رضامندی مانگی جائے گی۔ آمدنی اور اخراجات کی معلومات کو کسی خاندان کی ادائیگی کرنے کی قابلیت ہونے یا نہ ہونے کا تعین کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ خاندان کی ادائیگی کے قابل ہونے یا نہ ہونے کی حالت کی کم از کم سالانہ طور پر یا اگر خاندان درخواست کرے، تو جلدی نظرثانی اور تجدید ہونی چاہیے۔

(e) 34 CFR §303.521(a)(4)(ii) کے مطابق اگر کوئی خاندان "ادائیگی سے قاصر ہونے" کی تعریف پر پورا اترتا ہے، تو ان کے بچے کے IFSP میں شناخت کردہ حصہ C کی سروسز خاندان کو بغیر کسی خرچ کے فراہم کی جائیں گی۔ اس کے علاوہ، خاندان کے ادائیگی سے قاصر ہونے کے نتیجے میں حصہ C کی سروسز میں تاخیر یا انکار نہیں ہو گا۔

(f) 34 CFR §303.520(a)(2)(i)اور(iii) کے مطابق، ارلی انٹروینشن سروسز کے فراہم کنندہ حصہ C کی سروسز وصول کرنے کے لیے شرط کے طور پر والدین سے سرکاری بینیفٹس یا بیمہ کے پروگراموں میں شامل ہونے کا تقاضہ نہیں کر سکتے اور اگر والدین کسی ایسے پروگرام میں اندراج شدہ نہیں ہیں، تو انہیں کسی بچے یا والدین کے سرکاری بینیفٹس یا بیمہ استعمال کرنے سے پہلے لازمی طور پر رضامندی حاصل کرنی ہو گی۔ اگر والدین ایپل ہیلتھ فار کڈز/میڈیکیڈ میں اندراج یا رسائی کے لیے رضامدنی فراہم نہیں کرتے، تو ارلی ارنٹروینشن سروسز کے فراہم کنندگان کو پھر بھی IFSP میں موجود ان حصہ C کی ارلی انٹروینشن سروسز فراہم کرنی چاہیں، جن کے لیے والدین کے رضامندی فراہم کی ہے۔ ایپل ہیلتھ فار کڈز/میڈیکیڈ کے استعمال کے لیے رضامندی نہ دینے کو اس حصے کے تحت بچے یا خاندان کو سروسز کی فراہمی میں تاخیر یا انکار کرنے کے لیے استعمال نہیں کیا جا سکتا۔

(g) 34 CFR §§303.520(a)(3)(iv) اور (b)(1)(ii) کے مطابق، ارلی انٹروینشن کے فراہم کنندہ اخراجات کے عمومی زمروں کے بارے میں ایک تحریری بیان فراہم کریں گے، جن کا خاندان کو نجی نگہداشت صحت کی کوریج/بیمہ کے استعمال کے نتیجے میں سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، جیسا کہ:

**(1)** مشترکہ ادائیگیا، مشترکہ بیمہ، پریمیم یا کٹوتیاں یا دیگر کوئی طویل مدتی خرچے، جیسا کہ بچے، والدین یا بچے کے خاندان کے اراکین کے لیے بیمہ کی پالیسی کے تحت سالانہ یا پوری زندگی کی نگہداشت صحت کی کوریج/بیمہ کی پابندیوں کی وجہ سے بینیفٹس کھونا۔

**(2)** اس بات کا امکان کہ خاندان کی نجی نگہداشت صحت کی کوریج/بیمہ کا استعمال معذوری کے حامل بچے، والدین یا پالیسی کے زیر احاطہ بچے کے خاندان کے افراد کے لیے صحت کے بیمہ کی دستیابی پر منفی طور پر اثر انداز ہو سکتا ہے؛ اور یہ کہ حصہ C کی ارلی انٹروینشن سروسز کی ادائیگی کے لیے بیمہ پالیسی کے استعمال کی وجہ سے نگہداشت صحت کی کوریج/انشورنس معطل ہو سکتی ہے؛ یا

**(3)** اس بات کا امکان کہ ارلی انٹروینشن سروسز کے لیے ادائیگی کے لیے نجی نگہداشت صحت کی کوریج/بیمہ کے استعمال سے بیمہ پریمیمز پر اثر پڑ سکتا ہے۔

(h) 34 CFR §303.520(a)(2)(ii) کے مطابق، ارلی انٹرویوینشن کے فراہم کنندگان میرے خاندان کی اجازت حاصل کریں گے، اگر ایپل ہیلتھ فار کڈز/میڈیکیڈ اور/یا نجی صحت کی کوریج/ بیمہ تک رسائی درج ذیل میں سے کسی کا سبب بنے گی:

**(1)** اس پروگرام کے تحت بچے یا والدین کے لیے دستیاب پوری زندگی کی کوریج یا یا بیمہ کردہ بینیفٹ میں کمی؛

**(2)** ایسی سروسز کی ادائیگی کے لیے والدین کی جانب سے ادائیگی کا سبب بننا، جن کی بصورت دیگر سرکاری بینیفٹس یا انشورنس پروگرام سے ادائیگی ہوتی۔

**(3)** پریمیمز میں اضافے یا بچے یا والدین کے لیے سرکاری بینیفٹس یا بیمہ کی معطلی کا سبب بننا؛ یا

**(4)** صحت سے متعلقہ کل اخراجات کی بنیاد پر گھر اور کمیونٹی پر مبنی چھوٹوں کے لیے بچے یا بچے کے والدین کی اہلیت ختم ہو جانے کا خطرہ ہو۔

(i) 34 CFR §303.521(e) کے مطابق، ESIT کے فراہم کنندہ والدین کو اپیل ہیلتھ کڈز فار کڈز/میڈیکیڈ یا نجی صحت نگہداشت صحت کی کوریج/بیمہ کے استعمال، فیسوں کے نفاذ یا ریاست کی جانب سے والدین کے ادائیگی کے قابل نہ ہونے کے تعین سے متعلقہ پروسیجرل سیف گارڈز کے بارے میں پیشگی تحریری نوٹس دیں گے۔

(j) والدین کے پاس درج ذیل چیزوں کا حق حاصل ہے:

**(1)** 34 CFR §303.431 کے مطابق ثالثی میں شامل ہونا؛

**(2)** 34 CFR §§303.436 یا 303.441، جو بھی قابل اطلاق ہو، کے تحت منصفانہ کارروائی کی سماعت کی درخواست کرنا

**(3)** 34 CFR §303.434 کے تحت ریاست کو شکایت جمع کروانا اور/یا

**(4)** معاشی دعووں کے فوری حل کے لیے ریاست کی جانب سے مقرر کردہ دیگر عمل درآمد۔

(k) جب بھی ارلی انٹروینشن سروسز کے لیے رضامندی حاصل کی جاتی ہے، تو خاندانوں کو سسٹم آف پیمنٹس اینڈ فیس پالیسی فراہم کرتے ہوئے، انہیں ان کے حقوق کے بارے میں آگاہ کیا جاتا ہے۔

### C.3.14. اپیل ہیلتھ فار کڈز/میڈیکیڈ یا نجی نگہداشت صحت کی کوریج/بیمہ کے استعمال کے لیے ہدایات

(a) ایسے خاندان، جن کے بچے اپیل ہیلتھ فار کڈز/میڈیکیڈ میں اندراج شدہ ہیں، ان کو مطلع کیا جائے گا کہ فیملی کاسٹ پارٹیسیپیشن کے تحت آپ کے بچے کی حصہ C کی سروسز کو بل اپیل ہیلتھ فار کڈز/میڈیکیڈ کو بھیجا جائے گا۔ بلنگ کے مقصد کے لیے ان کے
بچے کی قابل شناخت معلومات کو جاری کرنے کے لیے خاندان سے تحریری رضامندی مانگی جائے گی۔
دستخط شدہ پیشگی تحریری نوٹس، سرکاری اور/یا نجی بیمہ تک رسائی کے لیے رضامندی، آمدنی اور اخراجات کی تصدیق کے فارم کی ایک نقل لازمی طور پر خاندان کو دی جانی چاہیے۔

(b) ایسے خاندان، جن کے پاس نجی نگہداشت صحت کی کوریج/بیمہ ہے، ان سے ابتدائی IFSP پر موجود فیملی کاسٹ پارٹیسیپیشن کے تحت حصہ C کی ارلی انٹروینشن سروسز کا بل بھیجنے کے لیے تحریری رضامندی فراہم کرنے کا کہا جائے گا۔

(c) پیشگی تحریری نوٹس اور آمدنی اور اخرجات کی تصدیق کے فارم میں شامل، سرکاری اور/یا نجی بیمہ تک رسائی کی رضامندی میں ان اخراجات کے عمومی زمروں کا ایک تحریری بیان موجود ہونا چاہیے، جو اپنی نجی نگہداشت صحت کی کوریج/انشورنس تک رسائی فراہم کرنے پر خاندان کو پیش آ سکتے ہیں۔

(d) دستخط شدہ پیشگی تحریری نوٹس، سرکاری اور/یا نجی بیمہ تک رسائی کے لیے رضامندی، آمدنی اور اخراجات کی تصدیق کے فارم کی ایک نقل لازمی طور پر خاندان کو دی جانی چاہیے۔

(e) جب کبھی بھی IFSP سروسز میں کسی قسم کا اضافہ (شرح، شدت، لمبائی یا دورانیہ) ہو گا، تو تحریری رضامندی حاصل کی جائے گی۔

(f) جب بھی سرکاری یا نجی بیمہ کو ارلی انٹروینشن سروسز کا بل بھیجے جانے کے لیے رضامندی حاصل کی جاتی ہے، تو سسٹم آف پیمنٹس اینڈ فیس پالیسی فراہم کی جاتی ہے۔

(g) 34 CFR §303.521(a)(4)(iv) کے مطابق، سرکاری بیمہ یا بینیفٹس کے حامل خاندانوں سے ان خاندانوں کی نسبت بے ہنگم طریقے سے زیادہ وصول نہیں کیا جائے گا، جن کے پاس سرکاری بیمہ یا بینیفٹس نہیں ہیں یا نجی بیمہ ہے۔

(h) 34 CFR §303.520(b)(1) کے مطابق، جب خاندانوں کے پاس ایپل ہیلتھ فار کڈز/میڈیکیڈ اور نجی بیمہ، دونوں ہوں، تو ارلی انٹروینشن کے فراہم کنندگان درج ذیل کے لیے رضامندی حاصل کریں گے:

**(1)** IFSP میں موجود ارلی انٹروینشن سروسز کی ابتدائی فراہمی کے لیے ادائیگی کے لیے خاندان کی نجی نگہداشت صحت کی کوریج/بیمہ استعمال کرنا؛

**(2)** بچے کی IFSP میں سروسز کی شرح، لمبائی، دورانیا یا شدت میں کسی قسم کے اضافے کے لیے ادائیگی کے لیے نجی نگہداشت صحت کی کوریج/بیمہ کا استعمال۔

(i) ESIT فراہم کنندہ ایپل ہیلتھ فار کڈز/میڈیکیڈ اور نجی نگہداشت صحت کی کوریج/بیمہ کو بل بھیجنے کے لیے ذمہ دار ہے، بشمول فیملی کاسٹ پارٹیسیپیشن کے تحت حصہ C کی ارلی انٹروینشن سروسز کے بل کے لیے مشترکہ ادائیگیاں، مشترکہ بیمہ اور کٹوتیاں۔

(j) اگر فیملی کاسٹ پارٹیسیپیشن کے تحت حصہ C کی کوئی ارلی انٹروینشن سروس کا بل کسی نجی نگہداشت صحت کی کوریج/بیمہ کو بھیجا جاتا ہے اور اس کے بعد اس سے انکار کر دیا جاتا ہے، تو منظوری حاصل کرنے کے لیے ہر کوشش کی جانی چاہیے۔ جب کسی خاندان کی درخواست پر کوئی اپیل شروع کی جاتی ہے، تو FRC یا دیگر درست عملہ معانت فراہم کر سکتا ہے۔ خاندان اپنے بچے کے انڈیویجوئلائیزڈ سروس پلان (IFSP) میں شامل کردہ فیملی کاسٹ پارٹیسیپیشن کے تحت حصہ C کی ارلی انٹروینشن سروسز کے لیے نگہداشت صحت کی کوریج/بیمہ کے پریمیمز، مشترکہ ادائیگیوں اور کٹوتیوں کے لیے ذمہ دار ہے، ماسوائے یہ کہ خاندان کو ادائیگی سے قاصر ہونے کی تعریف پر پورا سمجھا جائے۔

(k) اگر حصہ C کے لیے اہل کسی نومولود یا چھوٹے بچے کے والدین یا خاندان ایپل ہیلتھ فار کڈز/میڈیکیڈ یا نجی نگہداشت صحت کی کوریج/بیمہ تک رسائی کے لیے رضامندی فراہم نہیں کرتا، تو رضامندی نہ فراہم کیے جانے کو فیملی کاسٹ پارٹیسیپیشن کے تحت کسی حصہ C کی ارلی انٹروینشن سروس کی اس بچے یا خاندان کو فراہمی میں تاخیر یا انکار کے لیے استعمال نہیں کیا جانا چاہیے۔ تاہم، رضامندی نہ دینے کی صورت میں ایک ماہانہ فیس کا شیڈول رکھا جائے گا (سسٹم آف پیمنٹس اینڈ فیس پالیسی B.9.28 فیس دیکھیں)۔

(l) واشنگٹن آفس آف انشورنس کمیشن والدین کو ان کے نگہداشت صحت سے متعلقہ سوالات کے متعلق معاونت فراہم کرنے کے لیے دستیاب ہے۔ ٹول فری ہاٹ لائین 1-800-562-6900 ہے۔

### C.4.14. فیملی کاسٹ پارٹیسیپیشن کے لیے عمومی ہدایات

(a) ESIT کے لیے ابتدائی اہلیت کی تصدیق ہونے کے بعد، تمام خاندانوں کو آمدنی اور اخراجات کی معلومات، ذاتی طور پر قابل شناخت معلومات جاری کرنے کے لیے رضامندی اور آپ کی سرکاری اور/یا نجی بیمہ کی کوریج تک رسائی حاصل کے لیے رضامندی فراہم کرنے کا کہا جائے گا۔ درج ذیل حالات کو حل کرنے اور دستاویز بند کرنے کے لیے آمدنی اور اخراجات کی معلومات درکار ہیں:

**(1)** جب ایک خاندان فیملی کاسٹ پارٹیسیپیشن کے تحت سروسز کے لیے ایپل ہیلتھ فار کڈز تک رسائی سے انکار کر دیتا ہے؛

**(2)** جب ایک خاندان ایپل ہیلتھ فار کڈز/میڈیکیڈ کے لیے درخواست دینے سے انکار کر دیتا ہے؛

**(3)** جب ایک خاندان فیملی کاسٹ پارٹیسیپیشن کے تحت سروسز کے لیے نجی نگہداشت صحت کی کوریج/بیمہ تک رسائی سے انکار کر دیتا ہے؛

**(4)** نجی بیمہ کی مشترکہ ادائیگیوں، مشترکہ بیمہ اور کٹوتیوں کی ادائیگی کے قابل ہونے یا نہ ہونے کا تعین؛ اور

**(5)** جب کسی خاندان کے پاس کوئی سرکاری یا نجی بیمہ نہ ہو اور اگر فیس تخمینہ لگایا جانا ہو۔

(b) اگر آمدنی اور اخراجات کی فراہم کردہ معلومات کے نتیجے میں ایک ایسی مجموعی سالانہ آمدنی آتی ہے، جو فیڈرل پوورٹی لیول (FPL) پر یا اس سے اوپر ہو، تو خاندان کو ان کی نجی نگہداشت صحت کی کوریج/بیمہ اور اگر قابل اطلاق ہو تو، ایپل ہیلتھ فار کڈز/میڈیکیڈ کی کوریج کے استعمال سے متعلقہ مشترکہ ادائیگیوں، مشترکہ بیمہ یا کٹوتیوں کے لیے بل بھیجا جائے گا۔

(c) اگر آمدنی اور اخراجات کی فراہم کردہ معلومات کے نتیجے میں خاندان کے سائز کی بنیاد پر ایک ایسی مجموعی سالانہ آمدنی آتی ہے، جو FPL پر یا اس سے نیچے ہو، تو خاندان کو ان کی نجی نگہداشت صحت کی کوریج/بیمہ اور اگر قابل اطلاق ہو تو، ایپل ہیلتھ فار کڈز/میڈیکیڈ کی کوریج کے استعمال سے متعلقہ مشترکہ ادائیگیوں، مشترکہ بیمہ یا کٹوتیوں کے لیے ادائیگی نہیں کرنی ہو گی۔

(d) ایسے تمام خاندانوں کے لیے، جنہیں مشترکہ ادائیگیوں، مشترکہ بیمہ یا دیگر کٹوتیوں کے لیے بل بھیجا گیا ہے، ان کے خرچوں کو پورا کرنے کے لیے دیگر ایجنسی فنڈز، بشمول آخری انتخاب کے طور پر فنڈز ادا کرنے کے لیے حصہ C، استعمال کیے جا سکتے ہیں۔

### C.5.14. ادائیگی سے قاصر ہونا

(a) خاندان اپنے فیملی ریسورسز کوآرڈینیٹر (FRC) یا دیگر مناسب عملے سے کسی بھی وقت مشترکہ ادائیگیوں، مشترکہ بیمہ یا کٹوتیوں کی "ادائیگی سے قاصر ہونے" کی درخواست کر سکتے ہیں۔ یہ درخواست موصول ہونے کے بعد، FRC خاندان کو آمدنی اور اخراجات کی تصدیق کا فارم مکمل کرنے میں مدد فراہم کرے گا۔

(b) "ادائیگی سے قاصر ہونے" کے بارے میں آمدنی اور اخراجات کی تصدیق کے فارم کے نتائج کی بنیاد پر کیا جاتا ہے، جو خاندان کی شناخت ایسے کریں کہ ان کے ایسے ناقابل واپسی اجازت شدہ اخراجات ہیں، جو خاندان کی کل مجموعی سالانہ آمدنی کے 10% سے بڑھتے ہوں۔

(1) اگر "ادائیگی سے قاصر ہونے" کا تعین کیا جاتا ہے، تو مشترکہ ادائیگیوں، مشترکہ بیمہ یا کٹوتیوں کی ادائیگی کے لیے آخری انتخاب کے طور پر حصہ C کے فنڈز یا کسی دیگر ایجنسی کے فنڈز استعمال کیے جا سکتے ہیں۔

(2) احر سروس زیادہ بچت والے طریقے سے فراہم کی جا سکتی ہے، تو حصہ C پر کسی طرح بھی اسی فراہم کنندہ کو استعمال کرنا یا اسی نگہداشت صحت کی کوریج/بیمہ کو ادائیگی کرنا لازم نہیں ہے۔

(c) خاندان کی "ادائیگی سے قاصر ہونے" کی حالت کی کم از کم سالانہ طور پر یا اگر خاندان درخواست کرے، تو جلدی نظرثانی اور تجدید ہونی چاہیے۔

(d) IFSP کے نفاذ کے دوران کسی بھی وقت، اگر خاندان کے "ادائگی سے قاصر ہونے" کی حالت تبدیل ہوتے ہے، تو انہیں جتنی جلدی ممکن ہو سکے، FRC کو اطلاع کرنی چاہیے اور ادائیگی سے قاصر ہونے کی نئی تعیناتی کی درخواست کرنی چاہیے۔ کسی بھی ایسے وقت، جب نگہداشت صحت کی کوریج/بیمہ میں تبدیلیاں ہوتی ہیں، تو خاندان کو وہ تبدیلیاں لازمی طور پر اپنے FRC کے ساتھ شریک کرنی چاہیں۔

(e) 34 CFR §303.521(a)(4)(ii) کے مطابق اگر کوئی خاندان "ادائیگی سے قاصر ہونے" کی تعریف پر پورا اترتا ہے، تو ان کے بچے کے IFSP میں شناخت کردہ حصہ C کی سروسز خاندان کو بغیر کسی خرچ کے فراہم کرنی چاہیں۔ اس کے علاوہ، خاندان کے ادائیگی سے قاصر ہونے کے نتیجے میں حصہ C کی سروسز میں تاخیر یا انکار نہیں ہو گا۔

(f) اگر خاندان کی ادائیگی سے قاصر ہونے کی حالت کا تعین نہیں ہوتا، تو خاندان اپنی نجی نگہداشت صحت کی کوریج/بیمہ کی مشترکہ ادائیگیوں، مشترکہ بیمہ اور کٹوتیوں کی ادائیگی کرنے کے لیے ذمہ دار ہے۔

### C.6.14. فیسیں

(a) ایسے خاندان، جو فیملی کاسٹ پارٹیسیپیشن کے تحت سروسز کے لیے اپنی اپیل ہیلتھ فار کڈز/میڈیکیڈ یا نجی نگہداشت صحت کی کوریج/بیمہ تک رسائی کے لیے رضامندی (ابتدائی طور پر اور جب سروسز بڑھائی جائیں) فراہم کرتے ہیں، وہ فیسوں کی ادائیگی سے مستثنٰی ہوں گے۔

(b) ایسے خاندان، جن کے پاس اپیل ہیلتھ فار کڈز/میڈیکیڈ کوریج موجود ہے، ادائیگی سے قاصر ہونے کی تعریف پر پورا اترتے ہیں اور فیملی کاسٹ پارٹیسیپیشن کے تحت حصہ C کی سروسز کے لیے اپنی اپیل ہیلتھ فار کڈز/میڈیکیڈ کوریج تک رسائی سے انکار کرتے ہیں، وہ فیسیں ادا کرنے سے مثتثنٰی ہوں گے۔

(c) خاندان کی آمدنی اور اخراجات کی معلومات کو ماہانہ فیس کے شیڈول پر تقرری کے لیے استعمال کیا جائے گا، جب درج ذیل میں سے کوئی چیز ہو گی:

(1) ایسے خاندان، جن کے پاس اپیل ہیلتھ فار کڈز/میڈیکیڈ نہیں ہے اور جن کے پاس نجی نگہداشت صحت کی کوریج/بیمنہ موجود نہیں ہے، انہیں خاندان کے سائز اور مجموعی سالانہ آمدنی کی بنیاد پر رکھا جائے گا۔

(2) ایسے خاندان، جنہوں نے فیملی کاسٹ پارٹیسیپیشن کے تحت حصہ C کی ارلی انٹروینشن سروسز کے لیے اپنی نجی نگہداشت صحت کی کوریج/بیمہ تک رسائی سے انکار کیا اور جنہوں نے آمدنی اور اخراجات کی معلومات فراہم کی ہیں، انہیں ان کے خاندان کے سائز اور مجموعی سالانہ آمدنی کی بنیاد

پر ماہانہ فیس شیڈول پر رکھا جائے گا۔

(d) ایسے خاندان جو آمدنی اور اخراجات کی معلومات فراہم کرنے سے انکار کرتے ہیں، انہیں ماہانہ فیس کے شیڈول میں خاندان کے سائز کی بنیاد پر اعلی ترین درجے پر رکھا جائے گا۔

### C.7.14. تاخیر سے ادائیگیاں

(a) آمدنی اور اخراجات کی تصدیق کے فارم کی معلومات کی بنیاد پر اگر اس بات کا تعین کیا گیا ہے کہ خاندان اپنی مشترکہ ادائیگیاں، مشترکہ بیمہ، کٹوتیاں یا فیملی کاسٹ پارٹیسیپیشن کے تحت سروسز کے لیے فیس کی ادائیگی کے قابل ہے اور نہیں ادا کرتی، تو ان سروسز سے انکار کیا جا سکتا ہے۔ ایسا اس وقت ہو سکتا ہے، جب 90 دن کے برابر ادائیگیوں کے غیر ادا شدہ بقایا جات جمع ہو جائیں۔

(b) خاندان، سروس فراہم کنندہ اور FRC کو ایک پیشگی تحریری نوٹس موصول ہو گا کہ اس وقت تک کوئی بھی سروسز، ماسوائے FRC سروسز، معائنہ، IFSP کی تیاری اور نظرثانی اور پروسیجرل سیف گارڈز، جاری نہیں رہ سکتیں، جب تک خاندان اور سروس فراہم کرنے والی ایجنسی کے درمیان ادائیگی کا ایک منصوبہ تیار نہ ہو جائے۔

(c) ایک مرتبہ جب ادائیگی کا منصوبہ تیار ہو جائے اور اس پر خاندان اور سروس فراہم کرنے والی ایجنسی اتفاق کر لیں، تو خاندان، FRC اور سروس فراہم کنندہ کو اس بارے میں مطلع کیا جائے گا کہ فیملی کاسٹ پارٹیسیپیشن کے تحت سروسز دوبارہ جاری ہو سکتی ہیں۔

### C.8.14. تعریفیں

ان ہدایات کے مقصد کے لیے، درج ذیل تعریفوں کا اطلاق ہوتا ہے:

(a) "قابل اجازت اخراجات" کا مطلب ہے:

**(1)** چائلڈ اسپورٹ/ایلمنی، جو خاندان کی جانب سے کسی تیسرے فریق کو ادا کی جاتی ہے؛

**(2)** جب والدین کام پر ہوں یا خاندان کی جانب سے ادائیگی والے کسی اسکول کو جاتے ہوں، تو بچے کی نگہداشت کے اخراجات؛ اور

**(3)** ناقابل واپسی، طبی، نسخے کی ادویات کے اور دانتوں سے متعلقہ اخراجات، بشمول خاندان کی جانب سے ادا کیے جانے والے پریمیمز، مشترکہ ادائیگیاں اور کٹوتیاں۔

(b) "مشترکہ بیمہ" کا مطلب ہے: والدین کی جانب سے نگہداشت صحت کی کوریج کے لیے خرچہ شریک کرنا۔ مثلاً، سروس کے خرچ میں سے نگہداشت صحت کی کوریج 80% ادا کرتی ہے اور والدین 20% ادا کرتے ہیں۔

(c) "مشترکہ ادائیگی" کا مطلب ہے: نگہداشت صحت کے بیمہ کی جانب سے متعین کردہ وہ رقم، جو والدین کسی مخصوص سروس، آلے یا چیز کے لیے اپنی نگہداشت صحت کے فراہم کنندہ کو ادا کرتے ہیں۔ ادائیگی سروس یا چیز کے فراہم کنندہ کو براہ راست فراہم کی جاتی ہے۔

(d) "کٹوتی" کا مطلب زیر احاطہ طبی/ڈینٹل اخراجات کا وہ حصہ ہے، جو والدین کو برداشت کرنے ہوں گے اور والدین وہ بینیفٹس دستیاب ہونے سے پہلے ادا کرنے کے ذمہ دار ہوں گے۔ مشترکہ ادائیگیوں اور/یا مشترکہ بیموں کا اطلاق کٹوتیوں پر نہیں ہوتا۔

(e) "فیملی کاسٹ پارٹیسیپیشن کے تحت ارلی انٹروینشن سروسز" کا مطلب معاونتی ٹیکنالوجی ڈیوائسز، معاونتی ٹیکنالوجی، آڈیالوجی، مشاورت، صحت کی سروسز، نرسنگ کی سروسز، غذائی سروسز، آکوپیشنل تھراپی، جسمانی تھراپی، نفسیاتی سروسز، سماجی کام کی سروسز اور اسپیچ لینگوئج پیتھالوجی سروسز ہے، جنہیں IDEA کے ارلی انٹروینشن والے حصے کے تحت ہر اہل بچے کی نشوونماتی ضروریات اور بچے کی نشوونما کو بڑھانے سے متعلقہ خاندان کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ ان سروسز کو والدین کے ساتھ شراکت داری میں منتخب کیا جاتا ہے۔ یہ اہل افسران، جو ریاست واشنگٹن کی "اہل" کی تعریف پر پورا اترتے ہیں، کی جانب سے سرکاری سرپرستی میں فراہم کی جاتی ہیں اور انڈیویجوئلائیزڈ فیملی سروس پلان (IFSP) کے مطابق ہوتی ہیں۔

(f) "ارلی انٹروینشن سروسز کنٹریکٹر (مقامی لیڈ ایجنسی)" سے مراد وہ مقمای طور پر متعین کردہ ایجنسی یا تنظیم ہے، جو ڈیپارٹمنٹ آف ارلی لرننگ (DEL)، ارلی اسپورٹ فار انفینٹس اینڈ ٹاڈلرز (ESIT) کے ساتھ ارلی انٹروینشن سروسز کا معائدہ رکھتی ہے اور اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ سروسز منظور شدہ واشنگٹن اسٹیٹ

گرانٹ اپلیکیشن کے مطابق ہوں۔

(g) "ارلی انٹروینشن سروسز کے فراہم کنندہ" سے مراد وہ مقامی سرکاری یا نجی سروس فراہم کنندہ یا ایجنسی ہے، جو IDEA، حصہ C کی ارلی انٹروینشن سروسز فراہم کر رہا ہے۔

(h) "فیملی کاسٹ پارٹیسیپیشن" سے مراد وہ معاشی حصہ ہے، جو والدین اپنے بچے کی سروسز میں (1) خاندان کے نجی نگہداشت صحت/بیمہ اور/یا (2) اپیل ہیلتھ فار کڈز/میڈیکیڈ یا (3) ان IDEA، حصہ C ارلی انٹروینشن سروسز کے لیے فیسوں تک رسائی دے کر ادا کرتے ہیں۔

(i) "فیملی ریسورس کوآرڈینیٹر (FRC)" سے مراد ایک ایسا شخص ہے، جو ایک اہل بچے اور اس کے خاندان کو ارلی انٹروینشن سروسز اور دیگر ایسے وسائل، جن کی انڈیویجوئلائیزڈ فیملی سروس پلان (IFSP) میں شناخت کی گئی ہے، تک رسائی حاصل کرنے اور ارلی انٹروینشن پروگرام کے حقوق اور پروسیجرل سیف گارڈز وصول کرنے میں مدد دیتا ہے۔

(j) "انتہائی قابل کٹوتی/کیٹاسٹروفک کیئر میجر میڈیکل کوریج" کا مطلب ایک ایسا بیمہ ہے جس میں سالانہ طو پر قابل کٹوتی رقم 5,000$ یا زیادہ ہو اور لہذا اسے ارلی انٹروینشن کے بل بھیجنے کے مقصد کے لیے غیر بھروسہ مند سمجھا جاتا ہے۔

(k) "انڈیویجوئلائیزڈ فیملی سروس پلان، (IFSP)" کا مطلب IDEA کے ارلی انٹروینشن کے حصے کے تحت اہل بچے اور اس بچے کے خاندان کو ارلی انٹروینشن سروسز فراہم کرنے کے لیے ایک تحریری منصوبہ ہے۔ اس منصوبہ کو لازمی طور پر:

**(1)** خاندان اور ارلی انٹروینشن سروسز کی فراہمی میں شامل درست اہل افسران کی جانب سے مشترکہ طور پر تیار کیا جانا چاہیے؛

**(2)** بچے کے کثیر الشعبہ جاتی معائنے اور جائزے پر مبنی ہونی چاہیے۔

**(3)** والدین کی اجازت سے، بچے کی نشوونما کو بڑھانے کے حوالے سے خاندان کے وسائل، ترجیحات اور خدشات کا بیان شامل ہونا چاہیے۔

**(4)** خاندان کی اپنے بچے کی منفرد ضروریات کو پورا کرنے کی قابلیت کو بڑھانے کے لیے ضروری مخصوص ارلی انٹروینشن سروسز کا ایک بیان شامل ہونا چاہیے۔

(l) "IFSP ارلی انٹروینشن سروسز" سے مراد کسی نومولود یا چھوٹے بچے کے IFSP میں بیان کردہ ارلی انٹروینشن سروسز ہیں۔

(m) "والدین" کا مطلب ہے:

**(1)** بچے کے حیاتیاتی یا گود لینے والے والدین؛

**(2)** ایک رضاعی والد/والدہ، ماسوائے یہ کہ کوئی ریاستی قانون، ضابطہ یا ریاست یا کسی مقامی ادارے کے ساتھ معائدے کی ذمہ داریاں رضاعی والدین کو والدین کے طور پر عمل کرنے سے روکتے ہوں؛

**(3)** ایک سرپرست جو بچے کے والدین کے طور پر عمل کرنے کے لیے مجاز ہوتا ہے یا بچے کے لیے ارلی انٹروینشن، تعلیم، صحت یا نشوونماتی فیصلے کرنے کے لیے مجاز ہوتا ہے (لیکن اگر بچہ ریاست کی زیر سرپرستی ہو، تو ریاست نہیں)؛

**(4)** حیاتیاتی یا گود لینے والے والدین کی جگہ عمل کرنے والا ایک شخص (بشمول دادا/دادی/نانا/نانی، سوتیلے والدین یا دیگر رشتہ دار) جن کے ساتھ بچہ رہتا ہو یا ایک ایسا شخص، جو قانونی طور پر بچے کی بہبود کے لیے ذمہ دار ہو؛ یا

**(5)** کوئی رضاعی والد/والدہ، جسے CFR 34
§303.422 یا ایکٹ کے حصہ 639(a)(5) کے تحت مقرر کیا گیا ہو۔

(n) "سرکاری یا نجی نگہداشت صحت کی کوریج/بیمہ" کا مطلب ہے:

**(1)** "نجی بیمہ" – کسی بچے اور/یا خاندان کی نگہداشت صحت کی سروسز کے خرچ کے لیے تیسرے فریق کی کوریج۔ اس میں ملازمت سے متعلقہ اور نجی طور پر خریدا گیا بیمہ، میڈیکل سیونگز اکاؤنٹس اور ہیلتھ سیونگز اکاؤنٹس شامل ہیں۔

**(2)** "ٹرائی کیئر/ٹرائی ویسٹ" – فوجی افسران اور ان کے خاندانوں کے لیے صحت کے بینیفٹس کا پروگرام۔

**(3)** "سرکاری بیمہ" – بچے کے لیے ایک سرکاری طور پر فنڈ یافتہ پروگرام (ریاستی اور/یا وفاقی)، جو

نگہداشت صحت کی سروسز کے لیے ادائیگی کرتا ہے۔ اس میں تمام ایپل ہیلتھ پروگرامز، بشمول بیسک ہیلتھ پلس، میڈیکیڈ، میڈیکیڈ ہیلدی آپشنز اور چلڈرنز ہیلتھ انشورنس پروگرام، شامل ہیں۔

(o) "اسٹیٹ لیڈ ایجنسی (SLA)" سے مراد ڈیپارٹمنٹ آف ارلی لرننگ ہے۔

(p) "کل سالانہ آمدنی" سے مراد ہے:

**(1)** ملازمت اور/یا کسی قسم کے دوسرے ذرائع سے حاصل ہونے والی سالانہ آمدنی، بشمول، مگر ان تک محدود نہیں: پبلک اسسٹنس گرانٹ، ان امپلائمنٹ کمپینسیشن، ڈس ایبلٹی انکم، موصول ہونے والی چائلڈ اسپورٹ/ایلمنی، دیگر ایسی آمدنی، جو درج ذیل میں سے کسی ایک شناخت کردہ ہو:

(i) حالیہ ترین فیڈرل انکم ٹیکس ریٹرن *(فارم 1040=لائین 22؛ A1040=لائین 15؛ EZ1040=لائین4)*؛

(ii) حالیہ ترین W2(s) اور/یا 1099(s) *(فارم W2=لائن 1؛ 1099= کل لائنز 1، 2 اور 3)*؛

(iii) پچھلی دو (2) مسلسل کٹوتیاں؛ یا

(iv) تنخواہ یا اجرتوں کا تحریری بیان (اس میں کمپنی/آجر کا نام، پتہ، فون نمبر اور سپر وائزر یا ہیومن ریسورس کے عملے کا دستخط شامل ہونا چاہیے)

**(2)** غیر مطلع شدہ سروسز کے اراکین میں درج ذیل چیزوں کی لیو اینڈ اررنگز اسٹیٹمنٹ پر موجود کل رقم شامل ہے:

(i) بنیادی تنخواہ (کمائی گئی آمدنی)؛ اور

(ii) وظیفے (کمائی نہ گئی آمدن)

(iii) ہوسٹائل فائر پے، امینینٹ ڈینجر پے یا مفت یا بنیادی ہاؤس الاؤنس کو شامل نہ کریں، اگر الاؤنس ادائیگی کے ایک ہی دورانیے میں ادا کیا گیا اور کاٹ لیا گیا تھا۔